21/03/2026
07.40 / PM

آداب
یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کا بلیٹن لےکر مینسنجو کمار
سامعین کی خدمت میں شعبہ خبر کی طرف سے عید الفطر اور نو روز کی مبارکباد
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔
ہیڈ لائینز

*........ بر صغیر کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں منائی گئی عید الفطر کی تقریب//
یو ٹی بھر میں عید نماز کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد۔
*........ صدر جمہوریہ ، نائب صدر جمہوریہ ، وزیر اعظم ، لیفٹنٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ سمیت کئی شخصیات کی عوام کو مبارکباد۔

*.... آج ہی منائی جا رہی ہے نو روزِ عالم کی تقریب

اور
*........ جنگلات کا بین الاقوامی دن آ ج۔

عید
پورے بر صغیر کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر میں بھی عید الفطر کی تقریب سعید انتہائی تُزک احتشام اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منائی گئی۔اس سلسلے میں شہر و دیہات میں نماز عید کے بڑے بڑے اجتماعات ادا کئے گئے ۔ سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوا جہاں ہزاروں کی تعداد میں فرزندان توحید نے حاضری دے کر نماز عید ادا کی اور ملک و قوم کیلئے امن و سلامتی اور خوشحالی کی دعا کی۔
.......................
آستان عالیہ پیر دستگیر صاحب خانیار ، زیارت مخدوم صاحب سرینگر، آثار شریف شہری کلاشپور ، جناب صاحب صورہ ،سید یعقوب صاحب سونہ وار اورخانقاہ معلی سرینگر کے علاوہ زیارت علمدار کشمیر چرار شریف ،زیارت علی عالی بلخی پکھر پورہ ، آثار شریف پنجورہ شوپیان،آثار شریف کعبہ مرگ ، کھرم سرہامہ،زیارت زین الدین ولی عیشمقام،زیارت مکہامہ بیروہ ، زیارت بابا پیام الدین ریشی ٹنگمرگ اورزیارت جانباز ولی رفاعی بارہمولہ کے علاوہ وادی سبھی چھوٹی بڑی زیارت گاہوں اور خانقاہوں پر بھی عید نماز کے بڑے بڑے اجتماعات ادا کئے جانے سے متعلق اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔اس کے علاوہ امام باڈہ بڈگام ، امام باڈہ بمنہ سرینگر، امام باڈہ جڈی بل سرینگر، امام باڈہ احمد پورہ بارہمولہ ، قدیم امام باڈہ حسن آباد سرینگر، امام باڈہ یاگی پورہ ماگام اور امام باڈہ کمل کوٹ اوڑی کے علاوہ کئی

دوسرے علاقوں میں بھی عید نماز کے اجتماعات منعقد ہوئے ، جہاں علماءنے عید الفطر کی اہمیت پر روشنی ڈالی ۔صوبہ جموں میں بھی عید الفطر کی تقریب سعید جوش و خروش سے منائے جانے کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔جموں میں مکہ مسجد بھٹنڈی ،جامع مسجد تالاب کھٹیکا ں، جامع مسجد اُستاد محلہ میں بھی عید نماز ادا کی گئی، جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی ۔
پونچھ ، راجوری ،ریاسی،ڈوڈہ ،ادھمپور،رام بن اور صوبے کے دوسرے مختلف علاقوں بھی عید کی تقریب سعیدجوش و خروش سے منائی جا رہی ہے ۔
لداخ
لداخ خطے میں بھی عید الفطر کی تقریب سعید مذہبی عقیدت اور سادگی کے ساتھ منائی گئی۔ کرگل میں عید نماز کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہوئے۔ کرگل سے ہمارے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ عید نماز کے سب سے بڑے اجتماعات کرگل کے انقلاب منزل اور حسینی پارک مینمنعقد ہوئے، جہاں ہزاروں کی تعداد میں مسلمانوں نے عید نماز ادا کی ۔اس موقعے پر عالمی امن اور انسانیت کی خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔
عید مبارک
صدر جمہوریہ درو پدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ سی پی راھاد کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی ، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی عید الفطر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔
سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات اور دیگر کئی افراد نے لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔ وادی کے ایک شاعر ممتاز مجید نے عید کی مبارک باد کے سلسلے میں کچھ اشعار لکھے ہیں جن کو نامور گلو کار اسد انجم نے اپنی آواز دی ہے ۔ پیش ہیں یہ اشعار۔
------Song-----
عمر مبارک
وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے عید نماز درگاہ حضرت بل میں ادا کی۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا ۔

..................
سکینہ
تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتونے عید الفطر کی تقریب سعید کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا۔
............Byte........
درخشاں مبارک
وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی آج درگاہ حضرت بل میں نماز عید ادا کی۔انہوں نے اس موقعے پر عوام کے نام اپنے مبارکبادی کے پیغام میں کہا۔

........................
تنویر صادق

زڈی بل تنویر صادق نے عید کے موقعے MLAنیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اور
پر اپنے ایک پیغام مینکہا۔
........................

محبوبہ
صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے آثار شریف درگاہ حضرت بل میں PDP
حاضری دے کر نماز عید ادا کی ۔اس موقعے پر انہوننے اپنے خیالات کا اظہار کرتے
ہوئے کہا۔
....................
وزراءمبارکباد
نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، کابینی وزراء،جاوید رانا، جاویداحمد ڈار،
ستیش شرما کے علاوہ کئی دیگر سیاسی لیڈروں نے بھی لوگوں کو عید کی مبارکباد
پیش کی ہے۔
چیف سیکریٹری مبارک
ادھر چیف سیکریٹری اٹل ڈلو سمیت انتظامیہ کے اعلیٰ افسران کے علاوہ
زندگی کے اہم شعبونسے وابستہ کئی ذی وقار شخصیات نے بھی عوام کو عید الفطر
کی مبارک بادپیش کی ہے۔

پولیس مبارکباد
جموں ACBکشمیر وی کے بردی ، IGPجمونکشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات،
کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک، سینٹرل یونیورسٹی کشمیر کے وائس
چانسلرپروفیسر اے رویندر ناتھ ، چیف پوسٹ ماسٹر جنرل جموں کشمیر سرکل
مورتھی ، اوراندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کے ریجنل ڈائریکٹر برائے DSVR
کشمیر و لداخ ڈاکٹر افروز حیدر رضوی نے بھی عوام کو عید الفطر کی مبارکباد پیش
کی ہے ۔

این سی
نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بھی آج آثار شریف درگاہ حضرتبل
میں نماز عید ادا کی ۔ انہوننے عالم انسانیت کی خوشحالی کیلئے دُعا کی۔
اس دوران کئی پارٹی لیڈران اور کارکنوں نے سرینگر میں پارٹی صدر کے ساتھ
ملاقات کرکے انہیں عید کی مبارکباد دی ۔

بریک
یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سما عت کر DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن
سکتے ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز
لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں - Radiokashmir@gmail.com
-----
ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب
ہیں

نو روز
آج ہی نو روز کی تقریب بھی منائی جا رہی ہے۔شعیہ آبادی والے علاقوں میں اس سال
نو روز کی تقریب سادگی کے ساتھ منائے جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔
کشمیر میںنو روزکے موقعے پر ہی موسم بہار کا آغاز ہوتا ہے ، اور موسم بہار کی
آمد کے ساتھ ہی وادی میں سیاحوں کی آمدمیں اضافہ ہوجاتا ہے -

عادل موسوی

نو روز کی اہمیت کے بار ے میں وادی کے ایک معروف عالم دین اور مذہبی سکالر
سید عادل مرتضیٰ موسوی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
.......................
صوبائی کمشنر
ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے نو روز کے موقعے پر لوگوں کیلئے نیک
خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

دن
آججنگلات کا بین الاقوامی دن ہے۔آج کے دن کو منانے کا مقصد جنگلات اور جنگلی
حیات کے تحفظ اور ماحولیات کے توازن میں ان کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ اس دن
کی اہمیت کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر نے جب چیف کنزر ویٹر آف فارسٹس
کشمیر عرفان رسول وانی سے بات کی ، تو انہوننے کہا۔
V/o---Irfan Rasool
یہ دن شجر کاری کے عالمی دن کے طور پر بھی منایاجاتا ہے، جو جنگلات کو تحفظ
دینے سے متعلق انسانی عزم کو ظاہر کرتاہے ۔جنگلات اور ماحولیات کے مرکزی
وزیر بھوپندر یادو نے اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر آج کے دن کے حوالے سے
لوگوں پر زور دیاہے کہ وہ جنگلات کے مکمل تحفظ کو یقینی بنائیں۔
دن پیغامات
اس دن کی مناسبت سے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اپنے پیغام میںکہا ہے کہ جموں
کشمیر کے جنگلات پورے ملک کیلئے قدرت کا تحفہ ہے جنہیں ہر سطح پرتحفظ فراہم
کیاجانا چاہئے۔

اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جنگلات کے تحفظ کیلئے محکمے کے افسران اور اہلکارونکی کوششوں کی سراہنا کی ہے۔انہوننے کہاہے کہ جموں کشمیر کے کل رقبے کے 48فیصد پر جنگلات پھیلے ہوئے ہیں جو ماحولیات کے توازن میں انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔
جنگلات کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج کے دن پر اپنے پیغام مینکہا ہے کہ جنگلات کے تحفظ کے ذریعے قدرت کے قانون کی پاسداری یقینی بنتی ہے۔
چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، محکمہ جنگلات کی کمشنر سیکریٹری شیتل نندا اور جموں کشمیر کے پرنسپل چیف کنزرویٹر فارسٹس سرویش رائے نے بھی اپنے اپنے پیغامات میں جنگلات کے تحفظ کی اہمیت اجا گر کی ہے۔

ریلوے
نو راتری کے سلسلے میں شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن پرحاضری دینے Chaitra کیلئے کٹرہ آنے والے شردھالوں کے بڑھتے رش کو مد نظر رکھتے ہوئے شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن کے اہتمام سے آج کٹرہ اور جموں کے ریلوے اسٹیشنوں پر ایک جامع مہم چلائی گئی، جس کا مقصد شردھالونکے سفر کو آسان اور آرام دہ بناناہے۔ ریلوے کے جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر اُچیت سنگھل نے کہاکہ شردھالوں کی سہولت کیلئے مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

ست شرما
جمونکشمیر کے صدر اور پارلیمنٹ ممبر ست شرما نے کہا ہے کہ وزیراعظم BJP نریندر مودی کی قیادت میں بھارت ایک مضبوط اور مستحکم ملک بن گیا ہے ۔ وہ آج اکھنور جموں میں پارٹی کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے ۔اس موقعے پر پارٹی کے کئی سینئرلیڈر بھی موجود تھے۔

جموں پولیس
منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے ادھمپور میں وُرن پانڈے اور رویندر کمار نامی دوڈرگ سمگلر ونکو گرفتار کیا ہے۔ان کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کی گئی ہے۔

ACB
اینٹی کورپشن بیورو جمونکشمیر میں رشوت ستانی کی بدعت کے خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہا ہے۔تاہم اس وباءکے خاتمے کیلئے متعلقہ اداروں اور ایجنسیوں کو عوام کا تعاون لازمی ہے۔

نے عام لوگوں کی سہولت کیلئے ایک ہیلپ لائن جاری کی ہے جس کا ACB اس دوران نمبر 9419678060 ہے ۔

موسم
محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت17 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 32 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر43منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ۔